کی نسبت کیا زیادہ بہتر طریقہ نہیں ہے؟ ـــــ آخر یہ حسنہ شیخ کون ہے؟ ـــــ جس کے پاس موجود صرف جواہرات کی مالیت ہی ایک کروڑ روپے بنتی ہے ـــــ جس کو آپ کے آقا ئے ولی نعمت، غریبوں کے غریب مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے ملک سے باہر بھگا دیا ہے ـــــ اور . . .

جس کا چرچا ہے زمانے میں ! ـــــ ع

شرم تم کو مگر نہیں آتی ـــــ !

حق مغفرت کرے . . . !

گذشتہ چند ہی دنوں میں پانچ مایہ ناز علمی شخصیتیں ہم سے بچھڑ گئیں ـــــ انا للہ وانا الیہ راجعون !

۱ ۔ مولانا محمد داؤد صاحب راغب رحمانی دہلوی ۔

۲ ۔ مولانا محمد شریف صاحب اشرف پروفیسر مدینہ یونیورسٹی ۔

۳ ۔ مولانا عبدالرشید صاحب قمر امرتسری ۔

۴ ۔ مولانا حافظ قاری عبدالغفار صاحب سلفی امام جماعت غرباء اہلحدیث ۔

۵ ۔ مولانا سید محمد یوسف صاحب بنوری صدر تحریک ختم نبوت ۔

قحط الرجال کے اس دور میں ان گرانقدر شخصیتوں سے ملک وملت کا محروم ہو جانا، ایک عظیم نقصان ہے اور یہ خلا شاید ہی پر ہو سکے ـــــ کہ ایسی شخصیتیں روز روز پیدا نہیں ہوتیں۔

ادارہ کو اس سلسلہ میں کئی تعزیتی قراردادیں بھی موصول ہوئی ہیں ـــــ

ـــــ دعا ہے اللہ تعالیٰ مرحومین کو، ان کی بشری کوتاہیوں سے درگذر فرماتے ہوئے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے ـــــ آمین !

(ادارہ)